**A**

**CCE RF**
**CCE RR**
**REVISED**

ಕರ್ನಾಟಕ ಪ್ರೌಢ ಶಿಕ್ಷಣ ಪರೀಕ್ಷಾ ಮಂಡಳಿ, ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – **560 003**

**KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD, MALLESWARAM, BANGALORE - 560 003**

ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಪರೀಕ್ಷೆ, ಮಾರ್ಚ್/ಏಪ್ರಿಲ್ 2020

**S. S. L. C. EXAMINATION, MARCH/APRIL, 2020**

ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು

**MODEL ANSWERS**

ದಿನಾಂಕ : 03. 04. 2020 ] ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **66-U**

Date : 03. 04. 2020 ] **Code No. : 66-U**

ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು

Subject : **FIRST LANGUAGE - URDU**

**(ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ & ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ/ Regular Fresh & Regular Repeater)**

[ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : **80**

**[ Max. Marks : 80**

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| I. | **معروضی سوالات کے جوابات :** 8 × 1 = 8 | |
| 1. | غزل کے سب سے اچھے شعر کو کہتے ہیں۔ | |
| | A) بیت الغزل B) مطلع | |
| | C) مقطع D) تخلص | |
| | جواب : (A) بیت الغزل | 1 |

Turn over ]

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ''حضرت خواجہ بندہ نواز کا عرس نہایت تزک واحتشام سے منایا جاتا ہے۔'' | 2. |
| | اس جملے میں لفظ ''تزک واحتشام'' کا ذکر ہے جس کے معنی ہیں۔ | |
| | A) زائرین B) مسافر | |
| | C) شان وشوکت D) طول وعرض | |
| 1 | جواب : (C) شان وشوکت | |
| | مستقل کلمہ وہ ہے جو خود (جملہ مکمل کیجئے) | 3. |
| | A) اپنے معنی نہیں دیتا ہو B) اپنے معنی دیتا ہو | |
| | C) دوسرے جملوں کا محتاج ہو D) دوسرے جملے کے تابع ہو | |
| 1 | جواب : (B) اپنے معنی دیتا ہو | |
| | درج ذیل میں سے ''جمع'' لفظ یہ ہے۔ | 4. |
| | A) مرکز B) منزل | |
| | C) منظر D) مقاصد | |
| 1 | جواب : (D) مقاصد | |
| | ''فیضان اچھا لڑکا ہے۔'' اس جملے میں مسندالیہ کی نشاندہی کیجئے۔ | 5. |
| | A) اچھا B) لڑکا | |
| | C) فیضان D) ہے | |
| 1 | جواب : (C) فیضان | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| 6. | مضمون کا درمیانی حصّہ کہلاتا ہے ؟ | |
| | A) نفسِ مضمون B) تمہید | |
| | C) اختتام D) آغاز | |
| | جواب : (A) نفسِ مضمون | 1 |
| 7. | درج ذیل میں سے حروفِ فجائیہ کی مثال ہے۔ | |
| | A) لیکن B) کو | |
| | C) نے D) واہ،واہ | |
| | جواب : (D) واہ،واہ | 1 |
| 8. | اللہ تعالیٰ کی تعریف وتوصیف میں بیان کی گئی نظم کو کہتے ہیں۔ | |
| | A) رباعی B) حمد | |
| | C) غزل D) نعت | |
| | جواب : (B) حمد | 1 |
| II. | **پہلے دولفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے :** 4 × 1 = 4 | |
| 9. | دل بجھ جانا : مایوس ہونا :: پارہ چڑھنا : .................. | |
| | جواب : غصہ ہونا | 1 |

| مارکس | | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|---|
| | | دُور : فاصلہ :: دَور : .................. | .10 |
| 1 | | جواب : زمانہ | |
| | | رحمت : زحمت :: حیات : .................. | .11 |
| 1 | | جواب : موت | |
| | | دل آزاری : دل دُکھانا :: دل شکنی : .................. | .12 |
| 1 | | جواب : دل توڑنا | |
| | 4 × 1 = 4 | **درج ذیل سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھئے :** | .III |
| | | نبی کریمؐ کو دوسری شادی کا مشورہ کس نے دیا ؟ | .13 |
| 1 | | جواب : ایک صحابی کی بیوی حضرت خولہؓ نے دیا۔ | |
| | | مچھلیوں کے ڈپارٹمنٹ نے دھوبی کے خاندان والوں کی کیا مدد کی ؟ | .14 |
| 1 | | جواب : کوئی مدد نہ کی۔ | |
| | | شیخ حُسین عبداللہ کس نام سے مشہور ہوئے ؟ | .15 |
| 1 | | جواب : بوعلی سینا | |
| | | سلیمان خطیبؔ کی ابتدائی تعلیم کہاں ہوئی ؟ | .16 |
| 1 | | جواب : میدک میں | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| IV. | درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : 8 × 2 = 16 | |
| 17. | حضرت عائشہؓ نے کس طرح نبی کریمؐ کی تعلیمات سے استفادہ کیا ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ آپؓ کا حجرہ مسجد نبویؐ سے ملا ہوا تھا۔ اس کا یہ فائدہ ہوا کہ آپؓ پردے کے پیچھے سے | 1 |
| | ☆ حضور اکرمؐ کی تعلیمات و ہدایات سے استفادہ کرتی رہیں۔ | 1 |
| 18. | ریاستِ میسور پر کن کن خاندانوں نے حکومت کی ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ چالوکیہ، یادوا، ہوسلہ، بہمنی، عادل شاہی، | 1 |
| | ☆ مغل، وجئے نگر، وڈیر، سلطنتِ خداداد اور انگریز۔ | 1 |
| 19. | قدیم زمانے میں ''نانو اشیاء'' کا استعمال لوگ کہاں کرتے تھے ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ قدیم زمانے میں نانو اشیاء کا استعمال یونانی ادویات میں کیا جاتا تھا۔ | 1 |
| | ☆ اس کے علاوہ قدیم کلیساؤں، مندروں اور دیگر قدیم محلات کے شیشوں کو رنگ و روغن کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا تھا۔ | 1 |
| 20. | گول میز کانفرنس میں مولانا محمد علی جوہر کی دی گئی تقریر کے دو یا تین جملے لکھئے۔ | |
| | جواب : | |
| | ☆ ''آج جس مقصد کے لئے آیا ہوں، وہ یہی ہے کہ میں اپنے ملک کو صرف اس حالت میں واپس جاؤں گا جب کہ آزادی کا پروانہ میرے ہاتھ میں ہو۔ | 1 |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | ☆ میں ایک غلام ملک کو واپس نہیں جاؤں گا۔ میں ایک غیر ملک میں جب تک وہ آزاد ملک ہے، مرنے کو ترجیح دوں گا اور آپ مجھے ہندوستان کی آزادی نہیں دیں گے تو پھر آپ کو یہاں مجھے قبر کے لئے جگہ دینی پڑے گی۔'' | 1 |
| | (نوٹ: جواب کے لئے صرف دو نکات کافی ہیں) | |
| .21 | ملاّ نصیرالدین کو گھر میں نہ پا کر عالم دوست نے کیا کیا ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ اُس نے وہیں گلی سے کوئلے کا ٹکڑا اٹھایا۔ | 1 |
| | ☆ اور ملاّ کے دروازے پر لکھ دیا ''بے وقوف گدھا۔'' | 1 |
| .22 | سِفلی عناصر اگلے دن ہونے والے واقعہ کی کیا پیشین گوئی کرتے ہیں ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ سفلی عناصر اگلے دن ہونے والے واقعہ کی پیشین گوئی کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ | 1 |
| | ☆ ''کل یہاں خون کی ندیاں بہیں گی۔ انسانی لاشوں سے وہ علاقہ بھر جائے گا۔'' | 1 |
| .23 | شاعر اللہ تعالیٰ کے وجود کو کہاں کہاں محسوس کرتا ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ شاعر اللہ تعالیٰ کے وجود کو جل تھل، پھول اور پھل، | 1 |
| | ☆ اپنے دل میں اور دنیا کے ذرّے ذرّے میں محسوس کرتا ہے۔ | 1 |
| .24 | نظم پیغامِ یکجہتی کے تعلق سے بتائیے کہ شاعر نے کِن کِن باتوں کا بُرا انجام دیکھا ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ شاعر نے تعصب اور عداوت | 1 |
| | ☆ کدورت اور نفرت کا بُرا انجام دیکھا ہے۔ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے :** 9 × 3 = 27 | V. |
| | **بحوالۂ متن جملوں کی وضاحت کیجئے :** | |
| | ''اگر تم جاپان سے میرے لئے ایک بڑھیا ٹرانسسٹر لاسکو تو تمہیں ایک خوش خبری سنانی ہے۔'' | 25. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ سفر نامہ ''جاپان چلو، جاپان چلو'' سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس کے مصنف مجتبیٰ حُسین ہیں۔ | |
| 1 | ☆ یہ جملہ مصنف کے دوست نے مصنف کو اس وقت کہا جب وہ اپنے دفتر میں بیٹھے کام کر رہے تھے۔ | |
| | ''انہیں تو صرف تخلص بدلنا ہوتا ہے۔'' | 26. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ''جہانِ علم وفن کا راہیؔ : پروفیسر راہیؔ قریشی'' سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس کے مصنف ڈاکٹر وحید انجم ہیں۔ | |
| 1 | ☆ یہ جملہ راہیؔ قریشی نے خاکہ نگار سے کہا۔ جب خاکہ نگار اور اُن کے دوست نے اپنے کلام کی اصلاح کروانے کی درخواست کی۔ | |
| | ''کوئی دن کوئی گھڑی از خود نجس نہیں ہوتی۔ ہمارے اعمال اسے اچھا یا بُرا بناتے ہیں۔'' | 27. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ڈراما ''خاک وطن اور خونِ شہیداں'' سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس کے ڈراما نگار خلیل منظری ہیں۔ | |
| 1 | ☆ شاستری جی جب ٹیپو سلطانؒ سے یہ کہتے ہیں کہ آج کا دن آپ کے لئے نجس ہے تو ٹیپو سلطانؒ اُن سے مخاطب ہو کر یہ جملہ کہتے ہیں۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| 28. | **درجِ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے :** | |
| | (i) ایم قادر علی خان (ii) کرشن چندر | |
| | جواب : | |
| | **(ii) ایم قادر علی خان :** | |
| | پیدائش - 1911ء میں بمقام ہنولّی، ضلع ٹمکور میں پیدا ہوئے۔ | 1 |
| | اہم نکات - 1931ء میں درس و تدریس کا پیشہ اختیار کیا۔ گورنمنٹ ٹریننگ کالج میں تین سال تعلیم حاصل کی۔ پھر اُردو فارسی کی اعلیٰ تعلیم حاصل کی۔ | |
| | حیدرآباد سے اُردو فاضل کا امتحان پاس کیا۔ | 1 |
| | آپ کی تالیف کردہ کتابوں کے مضامین ریاستِ میسور کی مختلف جماعتوں کے نصاب میں شامل کئے گئے ہیں۔ | 1 |
| | **یا** | |
| | **(ii) کرشن چندر** | |
| | پیدائش - 19 نومبر 1913ء کشمیر | 1 |
| | اہم نکات - کامیاب افسانہ نگار اور ناول نویس۔ آل انڈیا ریڈیو اور فلموں سے وابستگی۔ | 1 |
| | تصانیف - ان داتا، ٹوٹے تارے، پرانے خدا، نظارے، شکست اور حسینوں کا شہر۔ | |
| | وفات - 1977ء، ممبئی۔ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درج ذیل شعراء میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے: | |
| | (i) عطاؔ کلیانوی (ii) میر تقی میرؔ | .29 |
| | جواب : | |
| | (i) عطاؔ کلیانوی : | |
| | اصل نام - محمد عطااللہ | |
| 1 | پیدائش - 20 اگست 1905ء کلیانی | |
| | اہم نکات - کرناٹک کے ممتاز شاعر تھے۔مختلف اصناف پرطبع آزمائی کی ہے۔ایک ہزار رباعیاں | |
| 1 | لکھی ہیں اس کے علاوہ غزل،نظم،قطعہ،نعت وغیرہ میں طبع آزمائی کی ہے۔ | |
| | تصانیف - رباعیات کا مجموعہ ''وجود وشہود'' | |
| 1 | وفات - 6 مئی 1985ء | |
| | یا | |
| | (ii) میر تقی میرؔ : | |
| | نام - میر تقی | |
| 1 | پیدائش - 1724ء آگرہ | |
| | اہم نکات - میرؔ کو استادِ سخن کہا گیا ہے۔غزل گوئی میں اُن کا مرتبہ بلند ہے۔کلام میں سادگی | |
| 1 | اور درد واثر ہے۔ | |
| 1 | وفات - 1810ء | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | **درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :** | |
| .30 | جس دن سے چلا ہوں مری منزل پہ نظر ہے<br>آنکھوں نے کبھی مِیل کا پتھر نہیں دیکھا | |
| | جواب : | |
| | ☆ شاعر بشیر بدؔر اس شعر میں فرماتے ہیں کہ | 1 |
| | ☆ جب سے میں نے ہوش سنبھالا ہے میری نظر اپنی منزل پر ٹکی ہوئی ہے۔ | 1 |
| | ☆ میں نے کبھی کسی رہنما کا سہارا نہیں لیا، اپنے دَم پر میں نے اپنا سفر جاری رکھا۔ | 1 |
| .31 | زمانے کے کیا کیا ستم دیکھتے ہیں<br>ہمیں جانتے ہیں جو ہم دیکھتے ہیں | |
| | جواب : | |
| | ☆ اس شعر میں شاعر داغؔ دہلوی فرماتے ہیں کہ | 1 |
| | ☆ تم زمانے کے اتنے سے ستم دیکھ کر گھبرا گئے ہو۔ | 1 |
| | ☆ میں ہی جانتا ہوں کہ مجھ پر زمانے والوں نے کتنے ستم کئے ہیں۔ | 1 |
| .32 | ہم وہاں ہیں جہاں سے ہم کو بھی<br>کچھ ہماری خبر نہیں آتی | |
| | جواب : | |
| | ☆ یہ شعر مرزا اسداللہ خان غالبؔ کی غزل کا ہے۔ | 1 |
| | ☆ اس شعر میں شاعر فرماتے ہیں کہ میں عشق میں اُس مقام تک پہنچ گیا ہوں کہ | 1 |
| | ☆ مجھے خود کی پہچان نہیں رہی یعنی میں خود کو بھول گیا ہوں۔ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درج ذیل انگریزی تحریر کا اردو میں ترجمہ کیجئے : | .33 |
| | Urdu is my mother tongue. It is very popular language in India. I like to learn Urdu. | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ اُردو میری مادری زبان ہے۔ | |
| 1 | ☆ یہ ہندوستان کی مشہور زبان ہے۔ | |
| 1 | ☆ مجھے اُردو سیکھنا پسند ہے۔ | |
| | **درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھئے :** 4 × 4 = 16 | .VI |
| | مولانا ابوالبیان حمّادؔ کی نعت ''وہ آئے محمدؐ وہ آئے محمدؐ'' کے چار اشعار زبانی لکھئے۔ | .34 |
| | جواب : | |
| | مولانا ابوالبیان حمّادؔ | |
| | وہ آئے محمدؐ وہ آئے محمد | |
| 1 | ثنائے خدا ہے، ثنائے محمدؐ رضائے الٰہی، رضائے محمدؐ | |
| 1 | حرم میں جو پہنچے تو گونجی صدائیں وہ آئے محمدؐ وہ آئے محمدؐ | |
| 1 | شفیع الامم، رحمتِ ہر دو عالَم نہیں اور کوئی سوائے محمدؐ | |
| 1 | نگاہوں میں جچتا نہیں اور کوئی مرے دل میں جب سے سمائے محمدؐ | |
| | عمر خیام کو 'علم ہیئت کا امام' اور 'ریاضی دانِ اعظم' کیوں کہا جاتا ہے ؟ | .35 |
| | **یا** | |
| | اُم المومنین حضرت عائشہؓ کی زندگی پر روشنی ڈالئے۔ | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ عمر خیّام ماہر ریاضی تھے۔ اُن کی کتاب ''الجبر والمقابلہ'' نے اہل یوروپ کے نزدیک خیّام کو ریاضی دانِ اعظم ہونے کا ثبوت دیا۔ | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 1 | ☆ خیّام نے الجبرا میں کئی نئی دریافتیں کیں اور چھ ایسے اُصول بیان کئے کہ اس سے پہلے کسی نے دریافت نہیں کئے تھے۔ الجبرا میں مسئلہ دو رقمی (Bionomial theorem) انہی کی ایجاد ہے۔ | |
| 1 | ☆ عمر خیّام علم ہئیت کے امام بھی تھے۔ اصفہان میں انہوں نے اعلیٰ پائے کی رصدگاہ(Observatory) تعمیر کروائی۔ | |
| 1 | ☆ تا کہ عجائبات فلک کا مطالعہ کیا جا سکے۔ سالِ کبیسہ کو بھی انہوں نے ہی رائج کیا۔ | |
| | **یا** | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ اُم المومنین حضرت عائشہؓ حضرت ابوبکر صدیقؓ کی دوسری صاحب زادی تھیں۔ صدیقہ لقب اور کنیت عبداللہ۔ | |
| 1 | ☆ آپؓ حضور اکرمؐ کی سب سے زیادہ محبوب بیوی تھیں۔ حضرت جبرئیلؑ آپؓ کو سلام کرتے تھے۔ آپؓ سے بے شمار احادیث کی تصدیق ہوتی ہے۔ | |
| 1 | ☆ آپؓ کا حجرہ مسجد نبویؐ سے ملا ہوا تھا۔ آپؓ تاریخ، ادب اور طب میں مہارت رکھتی تھیں۔ | |
| 1 | ☆ آپؓ غنی اور سخی تھیں۔ اپنا معمولی سا گھر آپؓ کے لئے کسی عالی شان محل سے کم نہ تھا۔ آپؓ کی کوئی اولاد نہیں تھی اس لئے یتیم بچوں کی پرورش کرتی رہیں۔ | |
| | **درجِ ذیل تحریر کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :** | 36. |
| | اللہ کا دین، دینِ فطرت ہے جو تمام تر علم کی بنیاد پر قائم ہے۔ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی وہ آسمانی کتاب ہے جو حضرت محمدؐ پر نازل ہوئی۔ قرآن مجید کے علاوہ اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبروں پر متعدد صحیفے اور آسمانی کتابیں اتاریں۔ جن میں زبور حضرت داؤدؑ پر، توریت حضرت موسیٰؑ پر اور انجیل حضرت عیسیٰؑ پر نازل ہوئیں۔ ان تمام آسمانی کتابوں کا ایک ہی مقصد رہا یعنی اللہ کے راستے سے بھٹکے ہوئے لوگوں کو صحیح راستے پر لانا۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | قرآن مجید کے بعد دینِ اسلام میں سب سے زیادہ اہمیت احادیث کی کتابوں کو حاصل ہے۔ | |
| | سوالات : | |
| | (i) اللہ کا دین کس بنیاد پر قائم ہے ؟ | |
| | (ii) قرآن مجید کس پیغمبر پر نازل ہوا ؟ | |
| | (iii) قرآنِ مجید کے علاوہ اللہ تعالیٰ کی دوسری آسمانی کتابیں کونسی ہیں ؟ | |
| | (iv) اِن آسمانی کتابوں کا مقصد کیا ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| 1 | (i) اللہ کا دین، دینِ فطرت ہے جو تمام تر علم کی بنیاد پر قائم ہے۔ | |
| 1 | (ii) حضرت محمدؐ پر | |
| 1 | (iii) زبور، توریت اور انجیل | |
| 1 | (iv) ان تمام آسمانی کتابوں کا ایک ہی مقصد رہا یعنی اللہ کے راستے سے بھٹکے ہوئے لوگوں کو صحیح راستے پر لانا۔ | |
| | **درجِ ذیل کسی ایک عنوان پر 12 تا 15 جملوں پر مشتمل ایک مضمون لکھئے :** | |
| | میرا محبوب مشغلہ یا ماحول کی حفاظت | 37. |
| | جواب : | |
| | **میرا محبوب مشغلہ :** | |
| 1 | تمہید – کسی قول، فقرہ یا ضرب المثل سے آغاز۔ | |
| 1 | نفسِ مضمون – (i) محبوب مشغلے کا نام اور تعارف | |
| 1 | (ii) پسند کرنے کے اسباب | |
| | (iii) مشغلے سے ہونے والے فائدے اور تفصیلات | |
| 1 | اختتام/خاتمہ – مضمون سے متعلق اپنے تاثرات۔ | |
| | یا | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | جواب : | |
| | **ماحول کی حفاظت :** | |
| 1 | تمہید – کسی قول، فقرہ یا ضرب المثل سے مضمون کا آغاز | |
| 1 | نفسِ مضمون – (i) ماحول کی تعریف، آلودگی کے نقصانات | |
| | (ii) ماحول کی آلودگی کے اسباب | |
| 1 | (iii) حفاظتی تدابیر | |
| 1 | اختتام – مضمون سے متعلق اپنی ذاتی رائے۔ | |
| 1 × 5 = 5 | **خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے :** | VII. |
| | اپنے میر مدرس کے نام ایک درخواست لکھئے جس میں کوئی مناسب وجہ بتلا کر دو دن کی چھٹی طلب کیجئے۔ | 38. |
| | جواب : | |
| | i) منجانب/ نام : xyz | |
| 1 | ii) بخدمت : میر مدرس صاحب | |
| 1 | iii) عرضِ مدعا : دو دن کی چھٹی کے لئے درخواست | |
| 1 | iv) مضمونِ خط : کوئی مناسب وجہ بتلا کر دو دن کی چھٹی طلب کرنا۔ | |
| 1 | v) اختتام : آپ کا/آپ کی فرماں بردار شاگرد/ شاگردہ۔ | |
| 1 | vi) مقام/ تاریخ : | |
| | **یا** | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/ اشارات | | | مارکس |
|---|---|---|---|---|
| | اپنی پڑھائی کے متعلق جانکاری دیتے ہوئے اپنے والد/ والدہ کو ایک خط لکھئے۔ | | | |
| | جواب : | | | |
| | i) ازمقام | : | | |
| | ii) مورخہ | : | | 1 |
| | iii) آداب والقاب | : | والدصاحب قبلہ آداب/ پیاری امی جان آداب | 1 |
| | iv) مضمون خط | : | اپنی پڑھائی سے متعلق والد/ والدہ کو جانکاری دینا۔ | 1 |
| | iv) اختتام | : | فقط آپ کا/ آپ کی/ چہیتا/ چہیتی/ بیٹا/ بیٹی | 1 |
| | v) مکتوب الیہ کا نام اور پتہ | : | | 1 |